سوال

(109) عورت قبروں کی زیارت نہ کرے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کےلئے قبروں کی زیارت کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورتوں کےلئے قبروں کی زیارت جائز نہیں ہے ۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے ۔

اس لئے بھی کہ عورتیں فتنہ میں جلد مبتلا ہوجاتی ہیں ۔ اوران میں صبر کم ہوتا ہے ۔ لہذاان پر یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اوراس کا احسان ہے ۔ کہ ان کےلئے قبروں کی زیارت کو حرام قرار دے دیاتاکہ نہ خود فتنہ میں مبتلا نہ ہوں اورنہ دوسروں کو فتنہ میں مبتلا کریں ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے حال کی اصلاح فرمائے !آمین!

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلد دوم